فوری ریلیز کے لیے: 24/4/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جاں بحق ریٹائرڈ ماحولیاتی تحفظ کے پولیس افسر RONALD J. BOSELA کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے پرچم سرنگوں کرنے کی ہدایت

25 اپریل کو پرچم سرنگوں رکھے جائیں گے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ہدایت دی ہے کہ ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ (New York State Department of Environmental Conservation) کے جاں بحق پولیس افسر Ronald J. Bosela (رونلڈ جے بوسیلا) کے اعزاز میں، ریاست کی تمام سرکاری عمارات پر پرچم 25 اپریل کو غروبِ آفتاب تک سرنگوں رکھے جائیں۔

"11/9 کے بعد ورلڈ ٹریڈ سینٹر (World Trade Center) میں بحالی کے کام میں مدد کے لیے ردعمل دیتے ہوئے، افسر Bosela (بوسیلا) نے ہماری ریاست اور ملک کی خدمت میں مثالی بہادری اور حوصلے کا مظاہرہ کیا،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "میں ان کی خدمت پر دل کی گہرائیوں سے ان کی شکرگزار اور معترف ہوں اور ان کے اہل خانہ، ساتھیوں اور ان تمام افراد سے تعزیت کرتی ہوں جن کے وہ واقف کار تھے۔"

افسر Bosela (بوسیلا) 27 فروری 2026 کو 11 ستمبر 2001 کے دہشت گرد حملے کے بعد ورلڈ ٹریڈ سینٹر میں اپنی تعیناتی سے متعلق ایک بیماری کے باعث انتقال کر گئے تھے۔ 11/9 کے واقعات کے بعد، افسر Bosela (بوسیلا) کو حملوں کے بعد گراؤنڈ زیرو، نارتھ ٹاور میں تعینات کیا گیا تھا۔ انہوں نے نیشنل گارڈ (National Guard) کی سرگرمیوں کی نگرانی کی اور کمانڈ پوسٹ کو گراؤنڈ زیرو سے دریائے ہڈسن کے کنارے پر گھاٹوں تک منتقل کرنے میں مدد کی، جس نے حملے کے فوری بعد اہم کردار ادا کیا۔

وہ محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے ڈویژن برائے نفاذِ قانون (Division of Law Enforcement) کے ہمراہ 20 سال تک وقف خدمت کے بعد مئی 2008 میں ریٹائر ہوئے تھے۔

افسر Bosela (بوسیلا) کلیرنس، ایری کاؤنٹی سے تعلق رکھتے تھے اور ان کے پسماندگان میں ان کی اہلیہ Georgette (جارجیٹ)، بیٹے Brian (برائن) اور John (جان)، پوتے Trevor (ٹریور) اور Hannah (ہینا)، بھانجے/ بھتیجے، بھانجیاں/ بھتیجیاں، اور خاندان کے دیگر عزیز و اقارب شامل ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں